احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

بدھ 21 اپریل 2010ء

روزنامہ

FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 21/ اپریل 2010ء 6 جمادی الاول 1431 ہجری 21 شہادت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 87

جب تک سب لوگ نہ کھائیں

حضرت عمرؓ اپنی رعایا کا بہت خیال رکھنے والے تھے۔ 18 ہجری میں عرب میں قحط پڑا تو حضرت عمرؓ اپنی رعایا کے لئے بے چین ہو گئے۔ اس وقت آپؓ کی عجیب قلبی کیفیت تھی دور دراز سے غلہ اور دیگر اشیاء لوگوں کے لئے منگوا کر تقسیم کیں اور خود اپنے لئے مرغوب غذاؤں کا استعمال ترک کر دیا۔ گھی مہنگا ہو گیا تو اس کی بجائے تیل کھانے لگے۔ جس سے پیٹ میں تکلیف ہو جاتی مگر فرماتے اس وقت تک گھی نہ کھاؤں گا جب تک سب لوگ نہ کھانے لگیں۔

(طبقات ابن سعد جلد3 ص312)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

انگلستان کے پروفیسر ریگ ماہر علم ہیئت کے حضرت مسیح موعود سے سوال و جواب:۔

سوال:۔ دنیا میں دو مختلف طاقتیں کام کرتی ہیں۔ مثبت اور منفی۔ اگر ہم ہمیشہ مثبت سے کام لیتے رہیں اور منفی سے کام نہ لیں تو ایک دن ایسا ہوگا کہ منفی آہستہ آہستہ جمع ہو کر زور پکڑ جاوے گی اور کسی وقت یک دفعہ پھوٹ کر دنیا کو تباہ کر دے گی۔ یہی حال نیکی اور بدی کا ہے اگر تمام دنیا میں نیکی ہی نیکی کی جاوے اور کوئی بدی نہ کرے تو اس طرح ایک دن بدی زور پکڑ کر دنیا کو تباہ کر دے گی۔

جواب:۔ فرمایا:۔

دیکھو۔ اگر ایک شخص چلا کر بولنے پر قادر ہی نہیں تو اس کا نرمی سے بولنا اخلاق فاضلہ میں سے نہیں سمجھا جاوے گا۔ اگر انسان ہمیشہ ایک ہی حالت پر قائم رہتا اور دوسرا پہلو بدل ہی نہ سکتا تو پھر نیکی نیکی ہی نہ رہ سکتی۔ افراط اور تفریط دونو کی موجودگی ہی نیکی پیدا کرتی ہے۔ یکطرفہ حالات ہوتے اور دوسرے قویٰ انسان کو دیئے ہی نہ جاتے اور انسان ہمیشہ نیکی کے واسطے ہی مجبور ہوتا۔ بدی کرنے کی طاقت ہی اسے نہ ملتی تو پھر فرمانبرداری اور نیکی نام ہی کس چیز کا ہوتا؟ انسان کو اللہ تعالیٰ نے ایک حد تک اختیار دیا ہے۔ ادھر بھی پہلو بدل سکتا ہے نیکی کی بھی طاقت ہے اور بدی کا بھی اختیار۔ اب جیسا کرے گا اس کا اجر پاوے گا۔

دیکھو اگر اخلاق بد نہ ہوتے تو اخلاق فاضلہ کن کا نام ہو سکتا؟ اخلاق رذیلہ ہوئے جب ہی اخلاق فاضلہ بھی ہوئے۔ کوئی اخلاق بد انسان کے ذہن میں ہوتے ہیں جب ہی تو انسان ان کا نقشہ ذہن میں رکھ کر ان کی مذمت کرتا اور اخلاق فاضلہ کسی خاص کام کا نام رکھتا ہے اور ان کی تعریف کرتا ہے اگر ذہن میں کوئی کسی امر بد کا نقشہ موجود نہیں تو پھر اخلاق حسنہ بھی کچھ نہیں۔ ہمیشہ بدی سے ہی نیکی ممتاز کی جاتی ہے اگر ایک ہی پہلو پیدا کیا جاتا تو یقیناً کوئی اجر بھی نہ ہوتا اور کوئی خوشنودی بھی نہ ہوتی (رنج سے راحت، دکھ سے سکھ، ظلمت سے نور، کڑوے سے میٹھا، زہر سے تریاق، بد سے نیک اور گناہ سے نیکی پیدا ہوتی ہے۔ اگر یہ ضدیں دنیا میں پیدا نہ کی جاتیں تو پھر زندگی ہی بدمزہ ہو جاتی) اگر صرف ایک ہی پہلو ہوتا تو وہ فطرت میں داخل تھا۔ اس پر اجر کیسا اور ثواب کیا؟ وہ ذریعہ رضامندی کیونکر ہو سکتا؟ وہ تو ایک مجبوری تھی کہ فطرتاً انسان سے اس کے مطابق ہی اعمال سرزد ہوتے یاد رکھو کہ انسان ذو اختیار بنایا گیا ہے۔ انسان کو اختیار ہے کہ نیکی کرے یا بدی، احسان کرے یا ظلم، مروت کرے یا بخل، ہمیشہ دونوں پہلوؤں پر لحاظ رکھ کر ہی کسی خاص انسان کے متعلق رائے زنی ہو سکتی ہے کہ نیک ہے یا بد۔ اعمال کا مفہوم ہی یہی ہے کہ دوسری طرف بھی قدرت رکھتا ہو جو انتقام لینے کی طاقت رکھتے ہوئے انتقام نہیں لیتا وہ نیکی کرتا ہے۔ مگر جس کو انتقام کے واسطے مکہ مارنے کا ہاتھ ہی نہیں دیا گیا وہ کس طرح کہہ سکتا ہے کہ میں نے نیکی کی اور احسان کیا کہ مکہ نہیں مارا............ الشمس ۱۰،۱۱) اس آیت کریمہ سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ نیکی اور خوبی کا مدار ہی دونو پہلوؤں پر ہے۔ جس کو ایک ہی قوت دی گئی ہے اور دوسری قوت اس کو عطا نہیں ہوئی وہ تو ایک نقش ہے جو مٹ نہیں سکتا۔ جو شخص ملک اور شیطان کا انکار کرتا ہے وہ گویا بدیہیات اور امور محسوسہ مشہودہ کا انکاری ہے۔ ہم ہر روز دیکھتے ہیں کہ لوگ نیکی بھی کرتے ہیں اور ارتکاب جرائم بھی دنیا میں ہوتا ہے اور دونو قوتیں دنیا میں برابر اپنا کام کر رہی ہیں اور ان کا تو کوئی فرد بشر بھی انکار نہیں کر سکتا۔ کون ہے جو ان دونوں کا احساس اور اثر اپنے اندر نہیں پاتا؟ یہاں کوئی فلسفہ اور منطق پیش نہیں جاتی۔ جبکہ دونو قوتیں موجود ہیں اور اپنی اپنی جگہ اپنا اپنا کام کر رہی ہیں۔

باقی یہ امر کہ اگر نیکی ہی نیکی کی جاوے تو بدی زور پکڑ کر دنیا کو تباہ کر دے گی۔ اس کے متعلق ہم صرف اتنا کہہ سکتے ہیں کہ ہمیں اس سے تعلق نہیں کہ ایسا ہو تو ایسا ہو اور ایسا ہو تو ایسا ہو۔ ہم اتنا دیکھتے ہیں کہ طبیعتیں مستعد بنائی ہیں۔ کیا اخلاق فاضلہ کے واسطے اور کیا رذیلہ کے واسطے ہم اس سے آگے نہیں بڑھتے۔

﴿ ملفوظات جلد پنجم ص 623 ﴾

سکیم مطالعہ روحانی خزائن

(چشمۂ معرفت و پیغام صلح)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس شوریٰ 2010ء کی سفارش کو منظور فرماتے ہوئے احباب جماعت کے مطالعہ کیلئے رواں سال کیلئے روحانی خزائن کی جلد نمبر 23 مشتمل بر چشمۂ معرفت و پیغام صلح مقرر فرمائی ہے۔ اس فیصلہ کی تعمیل میں کتاب ہذا کے مطالعہ اور پرچہ جات کی سکیم پیش خدمت ہے۔

☆ 21/اپریل سے ہم نے مطالعہ کا آغاز کرنا ہے اور ہر روز 7 صفحات کا مطالعہ کرنا ہے۔ ابتدائی 70 صفحات کے سوالات جلد شائع کئے جا رہے ہیں۔ تاکہ مطالعہ کے بعد دہرائی کی جا سکے۔

☆ مئی میں 7 صفحات روزانہ کے حساب سے 210 صفحات کا مطالعہ کریں گے اور جون میں بھی 210 صفحات کا۔ اس طرح روحانی خزائن کی 23 ویں جلد مکمل ہو جائے گی۔ پھر کتاب کی دوہرائی ہوگی۔ اس دوران کتاب کی فرہنگ اور تعارف مہیا کر دیا جائے گا۔

☆ کتاب کا امتحان بھی دو حصوں میں ہوگا۔ پہلے 244 صفحات کا امتحان یکم اگست کو اور آخری 244 صفحات کا یکم نومبر 2010 کو ہوگا۔

☆ مکمل کتاب کا پرچہ 15 جنوری 2011ء کو ہوگا۔

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

آئس لینڈ سے سلام و دعا

اور جلسہ پیشوایان مذاہب

مکرم ڈاکٹر عبدالشکور اسلم خان صاحب صدر جماعت احمدیہ آئس لینڈ نے اطلاع دی ہے۔

کہ یہاں تمام احباب جماعت خیریت سے ہیں۔ یہاں جماعت کو قائم ہوئے دو سال ہوئے ہیں۔ 5 مئی 2010ء کو یہاں جلسہ پیشوایان مذاہب منعقد کیا جا رہا ہے جس میں بدھ مذہب کی ملکی سربراہ اور عیسائیت کے نمائندہ بھی شریک ہوں گے۔ یہ پروگرام یہاں پہلی دفعہ ہو رہا ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے تمام احباب جماعت سے دعا کی خصوصی درخواست کی ہے۔ اللہ تعالیٰ سب احمدیوں کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی مجلس عرفان

دلائل ہستی باری تعالیٰ

تمام راستبازوں کا اس بات پر ’’کامل اتفاق‘‘ ہے ایمان کہ ’’اللہ‘‘ ہے جتنے راستباز مختلف ملکوں میں ہوئے ہیں ان کے حالات سے ظاہر ہے کہ وہ راستی کے بڑے ہی بھوکے پیاسے تھے اور وہ حق بات کے اظہار میں سارے جہان کی مجموعی مخالفت سے بھی نہیں ڈرتے تھے اور صرف یہی ایک قوم ہے جن کو ولایخشون احداً الااللہ کا سرٹیفکیٹ ملا ہے۔

پھر یہ لوگ رسم ومجاراتی کی رائے کے (جو کثرت سے پیدا ہو) بھی قائل نہیں ہوتے۔ اگر ایسا ہوتا تو یہ بت پرستی کی تردید نہ کرتے حالانکہ بُت پرست دنیا پر زیادہ ہیں۔ باوجودیکہ یہ لوگ آپس میں ملے بھی نہیں پھر بھی ان کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ایک اللہ ہے۔

پس جیسا کہ ہم لنڈن کا وجود بہت سے سچ بولنے والوں کی شہادت سے تسلیم کرتے ہیں۔ ایسا ہی خدا تعالیٰ بھی ضرور ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ جو بات یہ لوگ خدا سے اطلاع پا کر کہتے ہیں۔ وہ ضرور واقع ہوتی ہے۔ حالانکہ آئندہ کے واقعات معلوم کرنے کیلئے ان کے پاس کوئی ذرائع نہیں ہوتے۔ دنیاوی تدابیر سے کام لینے میں نپولین، سکندر سے بڑھ کر کوئی نہیں۔ مگر یہ دونوں ناکام مرے ہیں۔ حتیٰ کہ نپولین کی قوم فرانسیسی کا باوجود بہت خرچ کرنے کے مشرق میں کچھ بھی نہیں۔

تیسری دلیل یہ ہے کہ خدا کے چشمے سے نکلی ہوئی مخلوق ایک دوسرے کی مکذب نہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا سرچشمہ ایک ہے اور وہ ایک ہی ہستی کے ارادے کے تحت میں ہے۔ آنکھ جو رنگ مشرق میں دیکھتی ہے۔ وہی مغرب میں یقین کرتی ہے۔ اور پھر کان اس کی تکذیب نہیں کرتے۔ غرض نظام عالم ایک حد کے اندر باقاعدہ چلتا ہے۔ ایک کتاب کو دیکھ کر یہ یقین ہوتا ہے اس کا مؤلف کوئی ضرور ہے۔ مگر اتنے بڑے شیرازہ عالم کے مؤلف کا یقین نہ کرنا کیسی بے وقوفی کی بات ہے۔ باجرے کا ایک خوشہ لے کر اس میں سے ایک دانہ نکال کر پھر اس جگہ لگا کر تو دکھاؤ۔ تربوز ریت میں ہوتا ہے۔ مگر کیا مجال ہے کہ اس کے اندر ایک ذرہ بھی جائے۔ پھر کیسا شیریں ہوتا ہے۔ توت (بیدانہ) کو دیکھو۔ آندھیوں کے موسم میں ہوتا ہے مگر اس پر گرد نہیں۔ گولر کے اندر کس قدر کیڑے ہوتے ہیں غرض نظام عالم کی ہر ایک چیز باوجود کمال بے تعلقی تعلق کمال رکھتی ہے اور ہر چیز کا ایک حد کے اندر ایک ضابطہ کے ساتھ کام دینا ایک مرتب ومنتظم کا یقین دلاتا ہے۔

چوتھی دلیل جو ہے سب سے زبردست اور میرے اپنے ذوق کی ہے کہ خدا کی آواز پہنچ جائے کہ میں ہوں چنانچہ میں نے بھی سنی۔ اس نے فرمایا کہ قرآن کی آیت کا منکر کوئی ہو۔ اور وہ مشکل سے مشکل آیت کے متعلق کوئی سوال کرے اور مجھے نہ آتا ہو۔ تو معاً اس کا علم تجھے سکھا دیں گے یہ خدا کا وعدہ ہے اور میں بڑے زور کے ساتھ پیش کرتا ہوں کہ تمام جہان بھی اگر مل کر کسی آیت قرآنی کے معنے پوچھے اور اعتراض کرے۔ تو اگر وہ منکر آیات قرآنی ہوگا تو مجھے ضرور جواب سمجھا دیا جاوے گا میں ایک عاجز انسان ہوں میرا علم اتنا بڑا نہیں پس میں اتنا دعوے جو کرتا ہوں یہ اس ہستی باری تعالیٰ سے ہے جس کی ہستی کی دلیل طلب کی جاتی ہے

دین حق کی اعلیٰ تعلیم

فرمایا۔ تمام مذاہب عالم میں سے یہ مابہ الامتیاز (دین حق) ہی کو حاصل ہے کہ اس کے اصول کی منادی پانچ بار بہ آواز بلند کوٹھوں کی چھت پر چڑھ کر کی جاتی ہے۔

اللہ اکبر سے بڑھ کر اللہ کے لئے تعظیم کا لفظ کونسا ہوسکتا ہے۔ اشھد...... میں اگر توحید از روئے افعال وذات وصفات کے مسئلے کو لیا ہے تو ساتھ ہی اس کی حقیقی معبودیت کا اعلان کیا ہے پھر

اشھدان محمداً...... میں مسئلہ رسالت ونبوت کا اعلان کرتے ہوئے تمام انبیاء کے کمالات کے جامع کا نمونہ بطور شہادت پیش کیا ہے۔

حی علی الصلوۃ۔ میں عبادات کی جامع نماز کی طرف بلایا ہے اور حی علی الفلاح میں تمام ایسے فضائل کی طرف آنے کی ترغیب دی ہے جو انسان کی کامیابی کا مدار ہیں پھر اللہ اکبر اور لا الٰہ الا اللہ کو دھرا کر بتایا ہے کہ اصل مدارنجات توحید ہی ہے۔

ایمان باللہ، ایمان ملائکہ۔ ایمان کتب۔ ایمان رُسل۔ ایمان یوم آخر۔ ایمان قدر خیروشر۔ فضائل کو لینا رذائل سے بچنا۔ یہ سات اصل الاصول ایمان ہیں۔

علم الرویا

فرمایا علم الرویا بھی ایک بڑا عجیب علم ہے اللہ تعالیٰ ہی جسے اس کی سمجھ دے قرآن مجید میں غیبی خواب کا بھی ذکر ہے کافر کی خواب کا بھی۔ فاسق اور فاجر کی خواب کا بھی۔ غرض ہر قسم کے آدمیوں کی خواب کا ذکر ہے تا معلوم ہوتا ہے کہ یہ علم بہت ہی باریک اور عجیب درعجیب ہے۔ آجکل کے پڑھے ہوئے اسے محض خیال قرار دیتے ہیں مگر وہ غلطی پر ہیں۔

افسوس کہ (۔) نے اب اس کی طرف توجہ کم کردی ہے بہت کم لوگ ہیں جو اپنے خوابوں کے متعلق یادداشت رکھیں اور جو رویا ان کے سچے نکلیں وہ جمع کرتے جائیں تا کہ عجائبات قدرت کا علم ہو۔ رویا کبھی تو بعینہٖ ویسے ہی پوری ہوتی ہے جیسے انی ارانی اعصر خمرا۔ چنانچہ وہ اسی خدمت پر مامور ہوا۔

یا آدھی ویسے ہی اور آدھی دوسرے رنگ میں جیسے اس نے دیکھا کہ میرے سر سے روٹیاں پرندے کھاتے ہیں۔ اس کا سر ہی روٹیاں بن گیا۔

کبھی صرف نمونہ کے طور پر ایک چیز دکھائی جاتی ہے جیسے کئی سال کے قحط کا نظارہ خشک بالیوں میں دکھایا گیا ہے جو لوگ کہتے ہیں کہ ایک ہی دجال کا ذکر ہے اور تم نے اس سے قوم کی قوم کس طرح سمجھ لی وہ اس پر غور کریں کہ رویا کے معاملات ایسے ہی ہوتے ہیں۔

ابن سیرین کے آگے کسی نے بیان کیا میں نے رویا میں اذان سنی ہے آپ نے اسے کہا تو چور قرار دیا جا کر پکڑا جائیگا دوسرے نے یہی خواب بیان کیا تو کہا تم حج کروگے تیسرے نے بیان کیا۔ تو فرمایا۔ تیرا دشمن خائب وخاسر ہوگا۔ لوگوں نے تعجب کیا کہ ایک ہی خواب اور تعبیریں مختلف کہا تینوں قسم کا ذکر قرآن میں بھی ہے میں نے ہر ایک چہرے کی فراست سے بتلا دیا ہے۔ (1) اذن مؤذن ایتھا العیر انکم لسارقون (2) اذن فی الناس یوم الحج الاکبر (3) اذان من اللہ و رسولہ

نبی جتھے کا منتظر نہیں ہوتا

فرمایا جھوٹے ہیں وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ نبی جتھے کا منتظر رہتا ہے اور پھر لڑائی کرتا ہے جب صحابہ میں سے اکثر بھاگ گئے تو اس وقت نبی اکرمؐ نے پکار کر کہا انا النبی لاکذب انا ابن عبدالمطلب کہ دعوے کرنے والا تو میں ہوں کوئی اگر بھاگتا ہے تو بھاگے۔

احسن القصص سے کیا مراد ہے

فرمایا۔ لوگوں نے غلطی سے احسن القصص کے معنے بہتر سے بہتر قصہ کئے ہیں۔ قرآن مجید میں ہرگز قصے نہیں۔ اساطیر الاولین تو کفار کا قول ہے کہ۔

یہ بھی غلط ہے کہ یوسف کا قصہ ہی سب سے اچھا قصہ ہے خلاصہ سورۃ تو یہی ہے کہ۔

(1) بھائیوں نے آپ سے دشمنی کی (2) اس کی وجہ والد کی محبت تھی (3) آخر اپنے بھائیوں پر غالب آئے معاف کردیا (4) ایک عورت کی ناجائز درخواست کی پرواہ نہ کی۔

حضرت ابراہیمؑ اور حضرت موسیٰؑ و نبی کریم ﷺ کے حالات اس سے بھی زیادہ عجیب ہیں بجائے چند گنتی کے بھائیوں کے سارا جہان دشمن اس کی وجہ کسی کی محبت نہ سمجھیں اللہ تعالیٰ کی توحید کا جوش۔ نبی کریم ﷺ کے آگے قوم نے خود کئی حسین عورتیں پیش کیں۔ مگر آپ نے خدا کے مقابلہ میں ان کی پرواہ نہ کی۔ پھر صرف بھائیوں پر نہیں۔ بلکہ سارے عرب پر غالب آئے اور ان کو معاف کردیا۔

شاعر ونقاش

فرمایا۔ جو کام مصور ونقاش قلم سے لیتا ہے شاعر الفاظ میں اس کی تصویر کھینچتا ہے۔

باپ بیٹے میں فرق

فرمایا یوسف اور یعقوب میں اس بات سے ظاہر ہے کہ یوسف نے یغفر اللہ لکم کہہ دیا۔ مگر باپ کہتا ہے ساستغفر لکم۔ یہ لوگ خدا کے حکم کے بغیر دعا بھی نہیں کرتے۔

نبی کریم ﷺ کو ہرگز حکومت کی خواہش نہ تھی۔ فرماتے ہیں۔ اے ابوذر میں تیرے لئے وہی چاہتا ہوں جو اپنے لئے۔ میرے دل میں کبھی دو آدمیوں پر بھی حکومت کرنے کی خواہش ہرگز پیدا نہیں ہوئی۔

(اخبار بدر۔ قادیان۔ 13 اکتوبر 1910ء)

اولمپک کے میزبان ممالک

1	ایتھنز	1896ء
2	پیرس	1900ء
3	سینٹ لوئس	1904ء
4	لندن	1908ء
5	سٹاک ہوم	1912ء
6	اینڈورپ	1920ء
7	پیرس	1924ء
8	ایمسٹرڈیم	1928ء
9	لاس اینجلس	1932ء
10	برلن	1936ء
11	لندن	1948ء
12	ہیلسنکی	1952ء
13	میلبورن	1956ء
14	روم	1960ء
15	ٹوکیو	1964ء
16	میکسیکو	1968ء
17	میونخ	1972ء
18	مانٹریال	1976ء
19	ماسکو	1980ء
20	لاس اینجلس	1984ء
21	سیول	1988ء
22	بارسلونا	1992ء
23	اٹلانٹا	1996ء
24	سڈنی	2000ء
25	ایتھنز	2004ء
26	بیجنگ	2008ء
27	لندن	2012ء

پبلشر وپرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ‖ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ‖ مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ‖ قیمت 5 روپے

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب

سیرۃ النبی ﷺ کے پُر اثر واقعات

چچا کی گواہی بھتیجے کی بزرگی پر

جناب ابوطالب آنحضرتؐ کے چچا مرتے دم تک مسلمان نہیں ہوئے۔ مگر پھر بھی آنحضرتؐ کی بزرگی کے اتنے قائل تھے کہ انہوں نے آپ کی تعریف میں ایک قصیدہ کہا ہے اس کا ایک شعر یہ ہے۔

وابیض یستسقی الغمام بوجهه
ثمال الیتامیٰ عصمةٌ للارامل

یعنی محمدؐ وہ گورے رنگ کا انسان ہے کہ ہم لوگ ان کے طفیل سے بارش مانگا کرتے ہیں اور سب جانتے ہیں کہ وہ یتیموں کا خبرگیر اور بیوہ عورتوں کا سہارا ہے۔

کعبہ میں نشست گاہیں

جاہلیت کے زمانہ میں قریش کے ہر خاندان کے لئے کعبہ میں بیٹھنے کی جگہیں مقرر تھیں۔ جہاں وہ لوگ آکر بیٹھا کرتے اور اپنی مجلسیں لگایا کرتے تھے۔

زید بن حارثہ کا قصہ

جاہلیت کے زمانہ میں آپ کے ایک غلام تھے۔ ان کا نام تھا زید۔ آپ کے پاس وہ اس طرح آئے تھے کہ ایک دفعہ کئی لٹیروں نے ان کے قبیلہ پر ڈاکہ مارا اور ان کو قید کر کے لے گئے اور غلام بنا کر بیچ دیا۔ ان کو حضرت خدیجہؓ کے بھتیجے حکیم نے اپنی پھوپھی کے لئے لیا اور مکہ میں لاکر ان کے حوالہ کر دیا۔ اس وقت زید کی عمر 8 سال کی تھی۔ حضرت خدیجہ نے ان کو آنحضرتؐ کی نذر کر دیا۔ اب وہ آپ کی خدمت میں رہنے لگے۔ اتفاقاً کچھ مدت کے بعد زید کے رشتہ داروں کو ان کا پتہ چل گیا۔ ان کے والد جن کا نام حارثہ تھا۔ ان کی تلاش میں اپنے بھائی سمیت مکہ آ پہنچے اور آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اے عبدالمطلب کے صاحبزادے ہم اپنے لڑکے کے لئے حاضر ہوئے ہیں جو آپ کی خدمت میں ہے۔ آپ ہم پر احسان کریں اور اس کا فدیہ لے کر اسے ہمارے حوالے کر دیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا وہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا زید۔ آپ نے زید کو بلایا اور پوچھا کہ تم ان لوگوں کو جانتے ہو۔ وہ بولے ہاں یہ میرے والد ہیں اور یہ میرے چچا ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ زید یہ لوگ تم کو لینے آئے ہیں اور تم نے میرے حال کو بھی دیکھ لیا ہے۔ میری طرف سے تمہیں اجازت ہے۔ خواہ یہاں رہو خواہ ان کے ساتھ واپس وطن کو چلے جاؤ۔ زید نے جواب دیا۔ حضور میں ان کے ساتھ نہیں جاؤں گا۔ میں تو آپ کے پاس ہی رہوں گا۔ آپ ہی میرے باپ ہیں اور آپ ہی میرے چچا ہیں۔ ان کا باپ بولا، کمبخت تیرا برا ہو۔ تو آزادی پر غلامی کو ترجیح دیتا ہے اور اپنے عزیزوں کو چھوڑ کر غیروں کے پاس رہنا چاہتا ہے۔ زید نے جواب دیا ہاں میں نے ان صاحب میں ایسی بات دیکھی ہے کہ اب میں انہیں چھوڑ کر کسی دوسرے کو پسند نہیں کر سکتا۔ جب آنحضرتؐ نے زید کی یہ وفاداری اور شکر کا جذبہ دیکھا تو آپ اس کا ہاتھ پکڑ کر کعبہ کے صحن میں لے گئے اور اعلان فرمایا کہ اے حاضرین گواہ رہو۔ آج سے میں زید کو آزاد کرتا ہوں اور اب یہ میرا بیٹا ہے۔ میں اس کا وارث ہوں اور یہ میرا وارث ہے۔ جب زید کے والد اور چچا نے یہ حال دیکھا تو ان کی تسلی ہوگئی اور خوشی خوشی اپنے گھر کو واپس چلے گئے۔ یہ واقعہ نبوت سے پہلے کا ہے۔ پھر جب آنحضرتؐ نے نبی ہونے کا دعویٰ کیا اور لوگوں کو مسلمان بنانا شروع کیا تو زید بھی فوراً مسلمان ہوگئے۔ سب سے پہلے مسلمان آپؐ کے گھر کے لوگ ہی تھے۔ یعنی حضرت خدیجہؓ آپؐ کی بیوی، حضرت علی جو آپ کے چچیرے بھائی تھے اور آپ کے پاس ہی رہتے تھے اور حضرت زید جو آپ کے منہ بولے بیٹے تھے۔ جب زید بڑے ہوگئے تو آپؐ نے اپنی پھوپھی کی بیٹی زینبؓ سے ان کا نکاح کر دیا۔ حالانکہ قریش اتنی ناک والی قوم تھی کہ غلاموں کو وہ جانوروں سے زیادہ ذلیل سمجھتے تھے۔ زید کے آزاد ہو جانے کے بعد لوگ ان کو زید بن محمدؐ (یعنی محمدؐ کا بیٹا زید) کہا کرتے تھے۔ پھر مدینہ میں جب یہ خدا کا حکم قرآن میں نازل ہوا کہ کسی کا بیٹا اپنا بیٹا نہیں ہے اور جس کا بیٹا ہو اسی کے نام سے پکارا جائے تو اس وقت سے پھر وہ زید بن حارثہ کہلانے لگے۔

خدا کا خوف

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آنحضرتؐ جب آسمان پر بادل یا آندھی دیکھتے تو گھبرا جاتے کبھی اندر آتے کبھی باہر جاتے اور آپؐ کے چہرہ کا رنگ متغیر ہو جاتا۔ پھر جب بارش شروع ہو جاتی تو آپؐ کی وہ حالت دور ہو جاتی۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ کیا بات ہے آپ نے فرمایا کہ مجھے خوف آتا ہے کہ کہیں یہ ویسا عذاب الٰہی نہ ہو جیسا کہ عاد قوم پر آیا تھا۔

مشرک شاعروں کا جواب

آنحضرت ﷺ حضرت حسان بن ثابت شاعر سے کہا کرتے تھے کہ تم مشرکوں کی ہجو کرو۔ جبرئیل تمہاری مدد پر ہیں۔

عبداللہ بن سلام یہودی کا مسلمان ہونا

جب آنحضرتؐ مدینہ میں تشریف لائے تو ایک نیک یہودی جن کا نام عبداللہ بن سلام تھا۔ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ میں آپؐ سے تین باتیں پوچھوں گا۔ آپ ان کا جواب ٹھیک دیں گے تو میں آپؐ پر ایمان لے آؤں گا۔ آپؐ نے فرمایا پوچھو انہوں نے تین سوال کئے۔ آپؐ نے ان سوالوں کے جواب دیئے۔ عبداللہ بن سلام نے آپؐ کے جواب سن کر کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپؐ اللہ کے رسول ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ یہود لوگ بڑے جھوٹے ہیں۔ اگر وہ میرے مسلمان ہونے کی خبر پائیں گے تو کہیں گے کہ اس کا کیا اعتبار وہ تو آدمی ہی برا تھا۔ اگر مسلمان ہو گیا تو کیا ہوا۔ اس لئے آپ ان کو بلا کر میری بابت تحقیقات کرلیں۔ چنانچہ یہودی لوگ بلائے گئے اور عبداللہ بن سلام اندر گھر میں چھپ گئے۔ آنحضرتؐ نے ان لوگوں سے پوچھا کہ عبداللہ بن سلام تم میں کیسے شخص ہیں؟ یہودی لوگ کہنے لگے کہ ان کا باپ بھی بڑا عالم تھا اور وہ بھی بڑے عالم ہیں اور ہم سب میں بزرگ اور نیک شخص ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اچھا بتاؤ اگر عبداللہ مسلمان ہو جائیں تو پھر تو تم بھی اسلام لے آؤ گے۔ یہودیوں نے کہا۔ خدا انہیں بچائے۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔ یہ سن کر عبداللہ بن سلام مکان کے اندر سے کلمہ پڑھتے ہوئے نکل آئے اور کہنے لگے کہ لوگو میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اس کے سچے رسول ہیں۔ یہودیوں نے جو یہ حالت دیکھی تو لگے ان کو گالیاں دینے اور یہ بھی کہا کہ ہم خوب جانتے ہیں۔ یہ شخص آپ بھی برا ہے اور اس کا باپ بھی برا ہے۔

ابوجہل کا قتل

حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ بیان کرتے ہیں کہ میں بدر کے دن صف جنگ میں کھڑا تھا میں نے اپنے دائیں بائیں نظر کی مجھے انصار کے دو کم عمر لڑکے دکھائی دیئے۔ مجھے اس وقت افسوس ہوا اور میں نے دل میں کہا کاش میرے دونوں طرف کوئی مضبوط آدمی ہوتے میں اسی خیال میں تھا کہ ان میں سے ایک نے مجھ سے پوچھا کہ چچا آپ ابوجہل کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا ہاں مگر تمہیں اس سے کیا کام۔ لڑکے نے کہا میں نے سنا ہے کہ وہ کمبخت آنحضرت ﷺ کو بہت گالیاں دیا کرتا ہے اور مجھے اس خدا کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ اگر میں اس کو دیکھ لوں تو میں اس کو نہ چھوڑوں۔ پھر خواہ وہ مر جائے خواہ میں۔ عبدالرحمٰن بن عوف کہتے ہیں کہ میں نے اس لڑکے کی یہ بات سن کر تعجب کیا اتنے میں دوسری طرف کے لڑکے نے بھی ایسی ہی گفتگو مجھ سے کی۔ مجھے اور حیرانی ہوئی۔ تھوڑی دیر میں مجھے ابوجہل بھی نظر آ گیا کہ اپنے لشکر میں ادھر ادھر انتظام کرتا پھرتا تھا۔ میں نے اسے دیکھ کر ان لڑکوں سے کہا کہ دیکھو وہ سامنے ابوجہل ہے۔ جسے تم پوچھتے تھے۔ میرے منہ سے یہ بات نکلنی تھی کہ وہ دونوں تیر کی طرح اڑے اور تلواریں کھینچ کر ابوجہل پر ٹوٹ پڑے اور اتنی تلواریں اسے ماریں کہ وہ مردہ سا ہو کر گر پڑا۔ پھر وہ دونوں آنحضرت ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم نے ابوجہل کو قتل کر دیا۔ آپ نے فرمایا تم دونوں میں سے کس نے ہر ایک نے عرض کیا کہ حضور میں نے۔ آنحضرت ﷺ نے پوچھا کیا تم نے اپنی تلواریں پونچھ ڈالی ہیں۔ انہوں نے کہا نہیں۔ آپ نے فرمایا لاؤ اپنی تلواریں دکھاؤ۔ چنانچہ آپ نے ان کا ملاحظہ فرما کر فیصلہ دیا کہ تم دونوں نے مل کر اسے مارا ہے۔ ان دونوں لڑکوں کے نام معاذ اور معوذ تھے۔

حسن سلوک اور برداشت

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرتؐ کہیں جا رہے تھے اور آپ پر ایک موٹے حاشیہ کی چادر تھی۔ اتنے میں ایک گنوار آدمی نے بڑھ کر آنحضرت ﷺ کی چادر کو اس زور سے کھینچا کہ آپؐ کی گردن پر اس چادر کے حاشیہ کا نشان پڑ گیا۔ وہ گنوار کہنے لگا کہ مجھے بھی اللہ کے مال میں سے کچھ دلوایئے۔ آپ اس کی اس حرکت پر مسکرائے اور خادموں سے فرمایا کہ اسے کچھ دے دو۔

زہر والی بکری دعوت میں

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ جب خیبر فتح ہوا تو یہودیوں کی طرف سے آپؐ کے لئے ایک بھنی ہوئی بکری کھانے کے لئے آئی۔ اس میں ان ظالموں نے زہر ملا دیا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ یہاں جتنے یہودی ہیں سب کو جمع کر کے میرے سامنے بلاؤ۔ جب وہ سب آگئے تو آپؐ نے فرمایا میں تم سے ایک بات پوچھتا ہوں۔ کیا تم سچ سچ بتا دو گے۔ انہوں نے کہاں ہاں آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ بتاؤ تو تمہارا باپ کون ہے۔ ان لوگوں نے کہا فلاں شخص۔ آپؐ نے فرمایا جھوٹ تمہارا باپ تو فلاں شخص ہے۔ انہوں نے کہا آپؐ سچ کہتے ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ اگر اب کچھ پوچھوں تو سچ بتا دو گے۔ انہوں نے کہا ہاں اگر ہم جھوٹ بولیں گے تو آپؐ اسی طرح معلوم کرلیں گے جس طرح آپؐ نے اب معلوم کرلیا۔ اس پر آپ نے ان سے پوچھا کہ دوزخ میں کون لوگ جائیں گے۔ انہوں نے کہا ہم لوگ تو تھوڑے ہی دن دوزخ میں رہیں گے مگر ہمارے بعد آپ لوگ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا بخدا یہ جھوٹ ہے پھر آپ نے فرمایا کہ اگر اب میں تم سے کوئی بات پوچھوں تو سچ کہہ دو گے۔ انہوں نے کہا بیشک۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم نے اس بکری میں زہر ملایا تھا۔ انہوں نے کہا ہاں۔ آپؐ نے فرمایا کیوں۔ انہوں نے کہا ہم نے آپؐ کا امتحان لیا تھا۔ اگر آپؐ جھوٹے نبی ہیں تو آپؐ کے مرنے سے ہمیں نجات مل جائے گی اور اگر آپؐ سچے نبی ہیں تو پھر آپ سلامت رہیں گے۔

ابتدائے ہجرت میں انصار کی مہمان نوازی

شروع ہجرت کے دنوں میں آنحضرتؐ مع تمام مہاجرین کے انصار کے مہمان تھے۔ دس دس آدمیوں کی ایک ایک جماعت انصاریوں کے ایک ایک گھر میں اتاری گئی تھی۔ مقدادؓ بیان کرتے ہیں کہ میں اس جماعت میں تھا جس میں خود آنحضرت ﷺ شامل تھے۔ ہمارے والے گھر میں چند بکریاں تھیں۔ انہی کے دودھ پر گزارہ تھا۔ دودھ دوھ کر سب لوگ اپنا اپنا حصہ پی لیتے اور آپ کے لئے ایک پیالہ میں رکھ چھوڑتے۔ ایک رات آنحضرت ﷺ کو واپس تشریف لانے میں بہت دیر ہوئی۔ تو سب لوگ دودھ پی پلا کر سو رہے۔ آپ کے لئے کچھ نہ چھوڑا۔ (شاید خیال کیا کہ باہر کھانا کھا لیں گے) آنحضرت ﷺ آئے تو دیکھا کہ پیالہ بالکل خالی ہے۔ کچھ نہ کہا۔ پھر کچھ دیر کے بعد فرمایا کہ یا اللہ جو آج ہمیں کھلائے تو بھی اسے کھلائیو۔ مقدادؓ ذکر کرتے ہیں کہ میں یہ سن کر اٹھا اور چاہا کہ ایک بکری ذبح کرکے گوشت تیار کروں مگر آپ نے روک دیا اور بکری کو پکڑ کر اس کا دودھ دوبارہ دوہا اور دودھ نکالا پی کر سو رہے اور دودھ کا حصہ نہ رکھنے والوں کو کسی قسم کی ملامت نہ کی۔

رضاعی ماں باپ کی تعظیم

ایک دن آنحضرت ﷺ مجلس میں تشریف رکھتے تھے کہ آپ کے رضاعی والد آئے۔ آپ نے ان کے لئے اپنی چادر کا ایک پلہ بچھا دیا۔ پھر رضاعی ماں آئیں تو دوسرا پلہ ان کے لئے بچھا دیا۔ آخر میں جب رضاعی بھائی آئے تو آپ اٹھ کر پیچھے سرک گئے اور ان کو اپنے سامنے بٹھا لیا۔

انصاف کا تقاضا

فتح مکہ کے بعد طائف کے لوگوں کو قلعہ بند چھوڑ کر آپ مدینہ تشریف لے آئے تھے۔ تمام عرب میں اب طائف ہی ایک ایسا مقام تھا۔ جہاں کے لوگوں نے ہتھیار نہیں ڈالے تھے۔ اس علاقہ میں صـخـر نام ایک مسلمان رئیس تھا۔ انہوں نے آپؐ کے بعد طائف والوں کو ایسا تنگ کیا اور دبایا کہ آخر کار وہ مطیع ہونے پر راضی ہوگئے اور اسلام بھی لے آئے۔ صخرؓ نے آنحضرتؐ کو اس بات کی اطلاع دی۔ چند دنوں میں خود طائف والوں کا وفد آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ ہماری ایک عورت صـخـر کے قبضہ میں ہے۔ آنحضرت ﷺ نے صخر کو بلا بھیجا اور جب وہ آئے تو حکم دیا کہ ان کی عورت کو اس کے گھر پہنچا دو۔ پھر اس کے بعد ان لوگوں نے عرض کیا کہ جس زمانہ میں ہم کافر تھے۔ صـخـر نے ہمارے چشمہ پر قبضہ کر لیا تھا۔ اب ہم اسلام لے آئے ہیں۔ ہمارا چشمہ ہمیں ملنا چاہئے۔ آنحضرتؐ نے پھر صخر کو بلا بھیجا اور فرمایا کہ جب کوئی قوم اسلام قبول کرتی ہے تو ان کی جان اور ان کے مال محفوظ ہو جاتے ہیں۔ اس لئے تم ان کا چشمہ ان کو واپس کر دو۔ صـخـر نے بتعمیل حکم کی۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ جب آنحضرت ﷺ کے دونوں حکم صخر نے منظور کر لئے تو میں نے دیکھا کہ رسول اللہ کا چہرہ مبارک شرم سے سرخ ہو گیا کہ صـخـر کو فتح طائف کے بدلے ان دو معاملوں میں الٹی شکست اٹھانی پڑی۔ مگر کیا کرتے انصاف اور اسلام کا تقاضا یہی تھا۔

غزوہ اوطاس

حنین کی جنگ کے بعد آنحضرتؐ نے ابو عامر صحابی کو ایک لشکر کا سوار بنا کر اوطاس کی طرف بھیجا۔ وہاں درید بن صمہ فوج لئے مقابلہ کو پڑا تھا۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری کہتے ہیں کہ میں بھی لشکر اسلام کے ساتھ تھا۔ اس جنگ میں کافروں کا سپہ سالار درید مارا گیا۔ مگر لشکر اسلام کے سردار ابو عامر کو بھی ایک تیر ایسا لگا کہ ان کے گھٹنے کے اندر گھس گیا۔ میں نے ابو عامر سے پوچھا کہ چچا تمہیں کس نے تیر مارا انہوں نے مجھے اشارہ سے بتایا کہ وہ شخص میرا قاتل ہے۔ میں جھپٹ کر اس کے پاس پہنچا۔ وہ مجھے دیکھتے ہی بھاگا۔ میں بھی اس کے پیچھے بھاگتا جاتا تھا اور کہتا تھا کہ او بے حیا بزدل تجھے شرم نہیں آتی۔ ٹھہرتا کیوں نہیں۔ اس پر وہ ٹھہر گیا۔ اور میری اور اس کی لڑائی ہوئی۔ میں نے اسے مار ڈالا اور واپس آ کر ابو عامرؓ سے کہا کہ اللہ نے تمہارے قاتل کو ہلاک کر دیا۔ پھر وہ بولے کہ اب یہ تیر نکالو میں نے تیر نکالا تو گھٹنے میں سے پانی بہنے لگا۔ انہوں نے کہا اے ابو موسیٰ اس زخم سے میں نہیں بچوں گا۔ تم آنحضرت ﷺ کو میری طرف سے سلام عرض کرنا اور کہنا کہ ابو عامر کے لئے بخشش کی دعا کریں۔ پھر ابو عامر نے مجھے لشکر کا سردار بنایا اور تھوڑی دیر میں فوت ہو گئے۔ میں جب آنحضرت ﷺ کے پاس واپس ہوا تو اس وقت آپ ایک چارپائی پر لیٹے تھے اور اس کی رسیوں کے نشان آپ کی پیٹھ اور پہلو پر پڑ گئے تھے۔ میں نے سب حال عرض کیا اور دعا کی درخواست کی۔ آنحضرت ﷺ نے پانی منگا کر وضو کیا اور پھر ہاتھ اٹھا کر ابو عامرؓ کے لئے دعا فرمائی۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ میرے لئے بھی۔ اس پر آپؐ نے میرے لئے بھی دعا فرمائی۔

فتح مکہ کے بعد اشاعت اسلام

حضرت عمرو بن مسلمہ صحابی بیان کرتے تھے کہ ہمارا قبیلہ ایک چشمہ پر رہا کرتا تھا اور مسافر لوگ اکثر وہاں سے گزرا کرتے تھے جو کوئی مسافر گزرتا اس سے ہم آنحضرت ﷺ کی بابت پوچھا کرتے تھے کہ یہ کیسا آدمی ہے اور کیا بیان کرتا ہے۔ مسلمان لوگ ہم کو بتاتے کہ یہ شخص کہتا ہے کہ میں خدا کا رسول ہوں۔ میرے پاس وحی آتی ہے اور خدا نے مجھ پر یہ یہ وحی بھیجی ہے۔ پھر وہ ہم کو قرآن سناتے تو میں وہ یاد کر لیتا تھا اور عرب کے لوگ مسلمان ہونے کے لئے صرف فتح مکہ کا انتظار کر رہے تھے اور کہتے تھے کہ محمد اور اس کی قوم آپس میں نبٹ لیں۔ اگر محمد ان پر غالب آ گیا تو وہ سچا نبی ہے۔ پھر جب مکہ فتح ہو گیا تو ہر قوم اسلام لانے میں جلدی کرنے لگی اور میرے والد نے بھی اس کام میں بہت جلدی کی۔ چنانچہ وہ آنحضرتؐ کے پاس جا کر مسلمان ہو گئے۔ جب وہ مدینہ سے واپس آئے تو کہنے لگے کہ اے میرے قبیلہ والو میں سچے نبی کے پاس ہو آیا ہوں اور اس نے فرمایا ہے کہ تم لوگ پانچ نمازیں ان ان وقتوں میں پڑھا کرو اور نماز سے پہلے اذان دیا کرو اور جو تم میں سب سے زیادہ قرآن جانتا ہو وہ نماز پڑھائے۔ غرض سب لوگ مسلمان ہو گئے اور جب تحقیقات کی گئی تو مجھ سے زیادہ کوئی قرآن کا حافظ نہ نکلا۔ کیونکہ میں نے مسلمان مسافروں سے سن سن کر بہت سی سورتیں یاد کر رکھی تھیں۔ چنانچہ سب نے مجھے اپنا امام بنایا۔ میری عمر اس وقت چھ سات سال کی ہوگی اور میرے پاس صرف ایک چھوٹی سی چادر تھی۔ جب میں سجدہ کرتا تو ننگا ہو جاتا تھا۔ ایک دن ایک عورت کہنے لگی کہ لوگو تم اپنے امام کے چوتڑ تو ڈھانکو یہ ہمارے سامنے ننگا ہوتا ہے۔ اس پر لوگوں نے کپڑا خرید کر ایک لمبا سا کرتہ مجھے پہنا دیا۔ جب میں نے وہ کرتہ پہنا تو اتنا خوش ہوا کہ بیان نہیں ہو سکتا۔

فتح مکہ

آنحضرتؐ فتح مکہ کے لئے ماہ رمضان میں دس ہزار صحابیوں کے ہمراہ مدینہ سے روانہ ہوئے۔ یہ آپ کی ہجرت کے ساڑھے 8 سال کے بعد کا واقعہ ہے۔ جب آپ مکہ کے قریب پہنچ گئے تو قریش کو معلوم ہوا کہ اس وقت ابوسفیان، حکیم بن حزام اور بدیل آنحضرت ﷺ کی جاسوسی کے لئے نکلے۔ جب یہ لوگ موضع مرّ الظہران پر پہنچے۔ تو کیا دیکھتے ہیں کہ وہاں بے حد آگیں روشن ہیں۔ بدیل نے کہا کہ یہ بنی عمر قبیلہ نے جلائی ہوں گی۔ ابوسفیان کہنے لگے کہ بنی عمر کے آدمی اس سے بہت کم ہیں۔ اتنے میں آنحضرت ﷺ کے چوکیداروں نے ان لوگوں کو پکڑ لیا اور آنحضرت ﷺ کے پاس لے آئے۔ وہاں ابوسفیان مسلمان ہو گئے۔ جب آنحضرتؐ وہاں سے روانہ ہوئے تو آپ نے حضرت عباس سے فرمایا کہ ابوسفیان کو ایسی جگہ لے جا کر کھڑے ہو۔ جہاں سے ہمارا لشکر اچھی طرح نظر آئے۔ چنانچہ حضرت عباس ان کو ایک مناسب موقعہ پر لے کر کھڑے ہو گئے اور ان کے سامنے سے آنحضرت ﷺ کی فوج کے دستے گزرنے شروع ہوئے۔ جب پہلا قبیلہ گزرا۔ تو ابوسفیان نے پوچھا۔ عباس یہ کون لوگ ہیں۔ انہوں نے کہا یہ قبیلہ غفار ہے۔ ابوسفیان نے کہا مجھے ان سے کچھ واسطہ نہیں۔ پھر قبیلہ جھینہ گزرا تو ابوسفیان نے وہی بات دہرائی۔ پھر قبیلہ سعد اور اس کے بعد قبیلہ سلیم گزرے۔ اس پر بھی ابوسفیان نے وہی بات کہی۔ یہاں تک کہ ہوتے ہوتے ایک ایسا قبیلہ گزرا جسے ابوسفیان نے پہلے نہ دیکھا تھا۔ انہوں نے عباس سے پوچھا کہ یہ کون ہیں۔ حضرت عباس نے کہا کہ یہ انصاری ہیں اور ان کا جھنڈا سعد بن عبادہ کے پاس ہے۔ اتنے میں سعد بن عبادہ بولے کہ اے ابوسفیان آج کا دن کفار کے قتل کا دن ہے۔ آج کعبہ میں لڑائی حلال ہو جائے گی۔ ابوسفیان نے کہا اچھا مصیبت کا دن آیا۔ پھر ایک سب سے چھوٹی جماعت ان کے سامنے سے گزری جس میں آنحضرت ﷺ اور آپ کے مہاجرین اصحاب تھے اور آنحضرتؐ کا جھنڈا حضرت زبیرؓ کے ہاتھ میں تھا۔ جب آنحضرتؐ ابوسفیان کے پاس سے گزرے تو ابوسفیان نے کہا کہ یا حضرت آپ کو معلوم ہے کہ سعد بن عبادہ انصاری نے کیا کہا؟ آنحضرتؐ نے فرمایا کیا کہا؟ وہ کہنے لگے کہ سعد نے کہا کہ آج قریش کے قتل کا دن ہے اور آج کعبہ میں لڑائی جائز کی گئی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا سعد نے غلط کہا آج کا دن تو ایسا دن ہے کہ اللہ کعبہ کو بزرگی دے گا اور اسے غلاف پہنایا جائے گا۔ غرض اس تزک و احتشام سے آنحضرت ﷺ مکہ میں کداء کی طرف سے داخل ہوئے۔ خالد بن ولید کو حکم تھا کہ تم دوسری طرف سے داخل ہو۔ وہاں کچھ مشرکوں نے ان کا مقابلہ کیا جس میں دو صحابی مارے گئے اور بارہ تیرہ مشرک۔ پھر آنحضرت ﷺ کعبہ میں تشریف لے گئے۔ اس وقت کعبہ کے گرد چاروں طرف باہر 360 بت لگے ہوئے تھے۔ آپؐ اپنی چھڑی سے ان کو مارتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے کہ حق آ گیا اور جھوٹ بھاگ گیا اور جھوٹا دین نہ اب کسی کے کام آیا نہ آئندہ کام آ سکتا ہے۔

وہ رات مسجد میں بسر کی

آنحضرتؐ کی خدمت میں ایک دفعہ فدک سے چار اونٹ اناج کے آئے۔ آپؐ نے بلال کو حکم دیا کہ اس غلہ سے جو کچھ قرضہ وغیرہ ہے وہ ادا کر دو۔ چنانچہ ایک یہودی کا قرضہ ادا کیا گیا اور جو حاجتمند تھے ان کو دیا گیا۔ اس کے بعد بلالؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ سب کام ہو گیا۔ آپ نے پوچھا کہ کچھ بچ رہا یا نہیں؟ بلال بولے ہاں کچھ باقی ہے۔ فرمایا کہ جب تک کچھ بھی باقی رہے گا میں گھر میں نہیں جا سکتا۔ بلال بولے یا حضرت اب کوئی سائل اور حاجتمند ہی نہیں تو میں کیا کروں؟ آنحضرتؐ نے وہ رات مسجد میں بسر کی۔ دوسرے دن جب بلال نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ خدا کے فضل سے وہ سب تقسیم ہو گیا۔ تو آپ نے اللہ کا شکر کیا اور اٹھ کر گھر میں تشریف لے گئے۔

تقویٰ

آنحضرت ﷺ اپنے مرض الموت کے دنوں میں ایک دن مسجد میں تشریف لائے اور فرمایا کہ اگر میرے ذمہ کسی کا قرضہ آتا ہو یا کسی نے مجھ سے کسی قسم کا بدلہ لینا ہو تو وہ اب لے لے۔ میں حاضر ہوں۔ آنحضرت ﷺ کا یہ اعلان سن کر مجلس میں سناٹا ہو گیا اور صحابہ کے کلیجے پھٹ گئے۔ صرف ایک شخص نے کہا حضور نے مجھ سے تین درہم قرض لئے تھے۔ چنانچہ وہ اسی وقت ادا کر دیئے گئے۔

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

حضرت صاحبزادی امۃ القیوم بیگم صاحبہ کا ذکر خیر

آمین میں صاحبزادی صاحبہ کا ذکر

حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی اپنے بزرگ والد حضرت اقدس مسیح موعود ومہدی معہود کے حسن اور احسان میں نظیر اور موعود خلیفہ تھے۔جس طرح حضرت اقدس مسیح موعود نے اپنے بچوں کے قرآن کریم مکمل کرنے پر اظہار تشکر کے طور پر محمود کی آمین اور اسی طرح بشیر احمد، شریف احمد اور مبارکہ کی آمین، منظوم کلام لکھا تھا اسی طرز پر حضرت مصلح موعود نے بھی اپنے بڑے بچوں کے قرآن کریم مکمل کرنے پر اظہار تشکر کے طور پر منظوم کلام ''آمین'' لکھا۔حضرت مصلح موعود کی اس نظم کا ایک شعر یہ ہے۔فرمایا:۔

مری قیوم میرے دل کی راحت
خدا نے جس کو بخشی ہے سعادت

یہاں پر حضرت مصلح موعود نے اپنی جس بچی کا ذکر فرمایا ہے وہ صاحبزادی امۃ القیوم بیگم صاحبہ ہیں جن کا وصال واشنگٹن امریکہ میں 23 جون 2009ء کو ہوا ہے۔

آپ کے بزرگ والدین کی شادی

حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی 14 مارچ 1914ء کو خلافت کے عظیم روحانی منصب پر مشیت ایزدی کے تحت فائز ہوئے تھے۔آپ کے پیشرو خلیفہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول قرآن کریم کے بڑے عاشق تھے اور مردوں اور عورتوں میں درس دیا کرتے تھے۔ حضرت خلیفہ اول کی بیٹی حضرت سیدہ صاحبزادی امۃ الحی بیگم صاحبہ اس وقت تقریباً تیرہ سال کی تھیں جب ان کے بزرگ والد کا وصال ہوا اور حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے خلافت کی ردا پہنائی۔ چنانچہ حضرت سیدہ امۃ الحی بیگم صاحبہ نے حضرت خلیفہ ثانی کو ایک خط لکھا کہ میرے مرحوم والد نے وفات سے پہلے وصیت فرمائی تھی کہ میرے مرنے کے بعد میاں صاحب سے کہہ دینا کہ وہ عورتوں میں بھی درس دیں۔ چنانچہ حضرت خلیفہ ثانی نے اس وصیت کے مطابق جہاں حضرت خلیفہ اول کا درس ختم ہوا تھا وہاں سے فوراً عورتوں میں درس دینا شروع کر دیا اور آپ کو اللہ کی طرف سے یہ بھی تحریک ہوئی کہ اس عاشق قرآن باپ کی عاشق قرآن بیٹی سے شادی کی جائے۔ چنانچہ حضرت مصلح موعود خلیفہ ثانی نے 31 مئی 1914ء کو حضرت سیدہ امۃ الحی بیگم صاحبہ بنت حضرت خلیفۃ المسیح الاول سے نکاح کیا۔ان کے بطن سے جو پہلی اولاد پیدا ہوئی وہ صاحبزادی امۃ القیوم صاحبہ تھیں۔ان کے بعد ایک اور بیٹی اور ایک بیٹے کی بھی پیدائش ہوئی لیکن شادی کے صرف دس سال بعد تئیس چوبیس سال کی عمر میں حضرت سیدہ امۃ الحی بیگم صاحبہ کا وصال ہو گیا۔

حضرت مصلح موعود کا غم اور بچوں کی تربیت

اس وقت صاحبزادی امۃ القیوم صاحبہ کی عمر صرف آٹھ سال تھی۔ حضرت مصلح موعود خلیفہ ثانی کو اس حادثہ سے بہت گہرا رنج پہنچا۔ چنانچہ آپ نے اپنے ایک پیغام میں فرمایا وہ مشیت الٰہی جس کا میں نے سفر سے پہلے اعلان کیا تھا۔آخر پوری ہو گئی۔ میری ہمدرد و جاں نثار بیوی امۃ الحی آج سوا تین بجے بروز بدھ بتاریخ 10 دسمبر 1924ء (12 جمادی الاول 1343ھ) اپنے مالک و آقا سے جو اس کا پیدا کرنے والا اور اس کا رب تھا جاملیں۔ مرحومہ علاوہ اس کے کہ حضرت استاذی المکرّم واستاذکم حضرت مولوی نورالدین صاحب کی صاحبزادی تھیں اور سلسلہ کی عورتوں کی علمی ترقی کی ان کے دل میں اس قدر تڑپ تھی کہ میرے نزدیک ساری جماعت میں اس قسم کی کوئی عورت موجود نہیں۔ مزید برآں وہ مجھ سے اس قسم کا عشق رکھتی تھیں کہ شاید کسی خاوند کو ایسی محبت کرنے والی بیوی نہ ملی ہو۔ پس میں اپنے بھائیوں سے خاص طور پر درخواست کرتا ہوں کہ وہ مرحومہ کے لئے جلد جمع ہو کر دعائے مغفرت کریں اور نماز جنازہ ادا کریں۔ مرحومہ کا آپ پر تہرا حق ہے۔ وہ اس زمانہ کے مرسل حضرت مسیح موعود کی بہو تھیں اور خلیفہ اول کی بیٹی تھیں اور میری بیوی تھیں۔ پس ایک رنگ میں آپ سب لوگوں سے ان کو علاوہ بہن کا رشتہ ہونے کے ماں ہونے کا بھی تعلق تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ سب لوگوں کو اس نیک فعل کے بدلہ میں جزائے خیر دے۔

مرحومہ نے دو لڑکیاں اور ایک لڑکا جو ابھی ایک ماہ کا ہے۔ چھوڑا ہے۔ احباب ان کے لئے بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو دین و دنیا میں عزت بخشے اور ...... کا خادم بنائے تا کہ مرحومہ کے لئے ثواب جاری کا کام دیں۔ (الفضل 13 دسمبر 1924ء ص4)

آپ نے ایک اور موقع پر فرمایا ''......میں نہیں سمجھتا آئندہ میرے قلب کا کیا حال ہو گا لیکن میں اتنا جانتا ہوں کہ اس وقت تک کوئی ایسی حالت مجھ پر نہیں گزری کہ میں نے اس نقصان کو بھلایا ہو اور آج تک میں نے کوئی ایسی نماز نہیں پڑھی جس میں امۃ الحی مرحومہ کے لئے دعا نہیں کی۔ ...... رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے الارواح جنود مجندۃ کہ روحیں ایک دوسرے سے وابستہ اور پیوستہ ہوتی ہیں یعنی بعض کا بعض سے تعلق ہوتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میری روح کو امۃ الحی کی روح سے ایک پیوستگی حاصل تھی...... مجھے بہت شادیوں کے تجربے ہیں۔ میں نے خود بھی کئی شادیاں کی ہیں اور بحیثیت ایک جماعت کا امام ہونے کے ہزاروں شادیوں سے تعلق ہے اور ہزاروں واقعات مجھ تک پہنچتے رہتے ہیں مگر میں نے کبھی عمر بھر کوئی ایسی کامیاب اور خوش کرنے والی شادی نہیں دیکھی جیسی میری یہ شادی تھی''۔

(الفضل 18 / اپریل 1925ء)

ان کیفیات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ حضرت مصلح موعود کے جذبات محبت مرحومہ کی کمسن اولاد سے کس اعلیٰ طرح کے ہوں گے اور آپ نے کتنی محبت اس اولاد سے کی ہو گی۔ چنانچہ ایک بات جو واضح ہو کر سامنے آتی ہے آپ نے نہ صرف یہ کہ ان کمسن بچوں کی پرورش کا اہتمام فرمایا بلکہ شروع سے ہی ان کے اندر خدا تعالیٰ اور رسولؐ اللہ کی محبت اور دین کی خدمت کا شوق پیدا فرما دیا۔ چنانچہ لکھا ہے کہ جب حضرت مصلح موعود نے شدھی کی تحریک کے لئے جماعت سے جو قربانیاں لیں اس میں اپنے اہل و عیال کو بھی شامل فرمایا۔ تاریخ لجنہ اماء اللہ جلد اول میں لکھا ہے۔ لجنہ اماء اللہ قادیان کی طرف سے محترمہ سیکرٹری صاحبہ لجنہ سیدہ امۃ الحی حرم دوم حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بیس بڑے دوپٹے اور ایک چھوٹا دوپٹہ اس لئے ارسال فرمائے کہ عید کے موقع پر ان راجپوت عورتوں کو جنہوں نے فتنہ ارتداد کا مقابلہ جوانمردی سے کیا ہے اور جو اس وجہ سے تکالیف برداشت کر رہی ہیں۔ احمدی عورتوں کی طرف سے بطور تحفہ دیئے جائیں۔ چھوٹا دوپٹہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی صاحبزادی امۃ القیوم نے (جس کی عمر تقریباً چھ سال ہے) بھیجا ہے کہ کسی چھوٹی ملکانی کو دیا جائے''۔

(تاریخ لجنہ اماء اللہ جلد اول ص 113,112)

آپ کی شادی

23 سال کی عمر میں صاحبزادی امۃ القیوم صاحبہ کی شادی اپنے چچازاد حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب (ایم ایم احمد) ابن حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے سے اگست 1939ء میں ہوئی۔ اس موقع پر آپ کے بزرگ والد نے اپنے جذبات کا اظہار اس طرح اپنے منظوم کلام میں فرمایا:۔

کل دوپہر کو ہم جب　　تم سے ہوئے تھے رخصت
ظاہر میں چپ تھے لیکن　　دل خون ہو رہا تھا
افسردہ ہو رہا تھا　　محزون ہو رہا تھا
اے میری پیاری بیٹی
میرے جگر کا ٹکڑا　　میری کمر کی پٹی
تم یاد آ رہی ہو　　دل کو ستا رہی ہو
میں کیا کروں کہ ہر دم　　تم دور جا رہی ہو
ٹوٹی ہوئی کمر کا　　اللہ ہی ہے سہارا
اللہ ہی ہے ہمارا　　اللہ ہی ہو تمہارا
اللہ کی تم پہ رحمت　　اللہ کی تم پہ برکت
اللہ کی مہربانی　　اللہ کی ہو عنایت
وہ ہمسفر تمہارا　　آنکھوں کا میری تارا
اللہ کا صفی ہو　　اللہ کا ہو پیارا
لو میری پیاری بچی　　تم کو خدا کو سونپا
اس مہربان آقا　　اس باوفا کو سونپا
کرنا خدا سے الفت　　رہنا تم اس سے ڈر کر
تم اس سے پیار رکھنا　　بس اس کو یاد رکھنا
سو فار عشق اس کا　　تم دل کے پار رکھنا
دلبر ہے وہ ہمارا　　تم اس سے چاہ رکھنا
مشکل کے وقت دونوں　　اس پر نگاہ رکھنا
الفت نہ اس کی کم ہو　　رشتہ نہ اس کا ٹوٹے
چھٹ جائے خواہ کوئی　　دامن نہ اس کا چھوٹے

(کلام محمود ص 159)

خوشگوار اور باوقار ازدواجی زندگی

صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب اور صاحبزادی امۃ القیوم صاحبہ کی شادی اگست 1939ء میں ہوئی تھی اور صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب کا خلافت رابعہ کے آخری سالوں میں وصال ہوا۔ تقریباً ساٹھ سال اس جوڑے کا ساتھ رہا۔ اللہ تعالیٰ نے صاحبزادہ صاحب کو بہت اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز رکھا اور پھر آپ ورلڈ بینک امریکہ بھجوا دیئے گئے جہاں وفات تک امریکہ کے امیر جماعت احمدیہ کے طور پر خدمت کی توفیق پاتے رہے۔

امریکہ میں ان کے ہاں پاکستان کی بڑی بڑی Dignitaries اعلیٰ شخصیات اور وزراء وغیرہ جا کر ٹھہرتے تھے اور وہ سب ان کے اعلیٰ اخلاق کا کسی نہ کسی طرح ذکر کر جاتے تھے جیسا کہ الفضل کے بھی بعض مضامین میں ذکر ہوتا رہتا ہے۔ اپنے خاندان کے افراد کے ساتھ ہمیشہ صلہ رحمی کا سلوک نظر آتا ہے۔ حفظ مراتب کا ہمیشہ خیال رکھتے۔ چند سال قبل صاحبزادی صاحبہ امریکہ سے پاکستان آئی ہوئی تھیں۔ خاکسار کی اہلیہ نے بھی ملاقات کی اور خاکسار کو بتایا کہ ان کے ساتھ ملاقات میں نظر آیا کہ اپنی بڑی بہن حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ کا بے حد احترام ہے۔ جماعت کے ہر طبقہ کو بڑی خندہ پیشانی سے ملنے کی عادت تھی۔ خاکسار کی والدہ صاحبہ بتایا کرتی تھیں بھلوال کے قریب کسی سرکاری دورے کے دوران کسی سرکاری گیسٹ ہاؤس میں ان کو ملنے جو احمدی فیملیز گئیں ان میں والدہ صاحبہ بھی تھیں۔ والدہ صاحبہ نے سادگی میں انہیں ایک روپیہ نذرانہ دیا جو انہوں نے

قبول فرمالیا۔

حضرت مصلح موعود کا دورہ بھیرہ

حضرت خلیفہ اول کا مولد و مسکن بھیرہ تھا جہاں 1950ء میں حضرت مصلح موعود نے دورہ فرمایا اور احباب جماعت کے سامنے ایک لمبی تقریر کی اور فرمایا۔ اس بستی کے ایک معزز گھرانے کی لڑکی میری بیوی تھی اور اس بیوی سے میری اولاد بھی ہے۔ پھر اس بستی کے ایک معزز شخص سے میں نے قرآن کریم اور بخاری کا ترجمہ پڑھا۔ پس اس بستی سے مجھے روحانی اور جسمانی نسبت ہے۔

(تاریخ احمدیت جلد چہاردہم ص 191)

دورہ بھیرہ میں بھی حضرت مصلح موعود نے جہاں حضرت خلیفہ اول کا ذکر فرمایا وہاں سیدہ امۃ الحی بیگم مرحومہ اور ان کے بچوں کا بھی ذکر کیا اور ظاہر ہے بچوں میں بڑی صاحبزادی امۃ القیوم ہی تھیں۔

قصور میرا تھا

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

